29.04.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں مہتاب عالم

Music

-----------------------------

* لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی چناؤ مہم میں اب جبکہ دو دن باقی رہ گئے ہیں، اس میں تیزی آگئی ہے۔

* وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے چار کروڑ غریب افراد کو پکے مکانات اور 12 کروڑ سے زیادہ گھروں کو نل کے پانی کے کنکشن دئیے ہیں۔

* سپریم کورٹ نے دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی عبوری ضمانت میں سات دن کی توسیع کئے جانے کی درخواست مسترد کردی ہے۔

* چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں سیکورٹی دستوں کے ساتھ ایک تصادم میں دو ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔

* بھارت موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ ہے کہ شمال مغربی اور وسطی بھارت میں کل سے شدید گرمی میں رفتہ رفتہ کمی آنے کا امکان ہے۔

* اور فرینچ اوپن ٹینس میں Novak Djokovic سیدھے سیٹوں میں جیت حاصل کرکے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

CAMPAIGNING

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری دور کیلئے اب محض دو دن رہ گئے ہیں اور چناؤ مہم اپنے پورے شباب پر ہے۔ اِس مرحلے میں جون کی پہلی تاریخ کو سات ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مجموعی طور پر 904 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کل مغربی بنگال کے Barasat اور Bashirhatلوک سبھا حلقوں میں اپنے امیدواروں کی حمایت میں شمالی چوبیس پرگنہ ضلعے میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے ، جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکمرانی میں بدعنوانی کی کوئی جگہ نہیں ہے۔

انہوں نے کہا کہ کانگریس اور I.N.D.I.A بلاک عام لوگوں کی پرواہ نہیں کرتے ہیں اور وہ صرف اپنی پرواہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مغربی بنگال میں Matua کمیونٹی کے لوگوں کو CAAکے تحت شہریت دی جارہی ہے۔

دوسری جانب کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے افراط زر اور بے روزگاری کو کم کرنے میں ناکام رہنے کا BJP حکومت پر الزام عائد کیا۔ وہ کل ہماچل پردیش کے اونا ضلعے کے Gagret میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کررہی تھیں۔ انہوں نے مرکزی حکومت کی ، اِس بات کیلئے بھی نکتہ چینی کی کہ اُس نے پچھلے سال کی آفت کو قومی آفت قرار نہیں دیا۔ ×

BIHAR CAMPAIGNING

بہار میں اعلیٰ رہنما، NDA، عظیم اتحاد اور دوسری پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے امیدواروں کے لیے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے چناؤ والے علاقوں کا طوفانی دورہ کر رہے ہیں۔ وہاں جون کی پہلی تاریخ کو آٹھ پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

BJPکے اعلیٰ رہنما اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ NDA کے امیدوار کی حمایت میں Karakatپارلیمانی حلقے میں وکرم گنج کے مقام پر ایک عام جلسے سے خطاب کر رہے ہیں۔ اُن کا بکسر اور پٹنہ صاحب لوک سبھا حلقے میں بھی عام جلسوں کا پروگرام ہے۔

BJPکے ریاستی صدر اور نائب وزیراعلیٰ سمرات چودھری جہان آباد حلقے میں عام جلسے میں شرکت کر رہے ہیں۔ ان کا Karakat ، Nalanda، Sasaramاور پاٹلی پتر لوک سبھا حلقوں میں بھی چناؤ جلسوں سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔

لوک جن شکتی پارٹی رام وِلاس کے سربراہ چراغ پاسوان نے Sasaram پارلیمانی حلقے میں ایک عام جلسے سے خطاب کرتے ہوئے دعوی کیا کہ NDA ساری سیٹیں جیتے گا۔

RJDکے رہنما تیجسوی پرساد یادو نے BJP پر الزام لگایا کہ حکمراں پارٹی اپنے دس سال کے کام کاج کی کوئی وضاحت نہیں کر رہی ہے۔ جناب یادو Sasaram ، کاراکٹ، بکسر اور پاٹلی پتر پارلیمانی حلقوں میں بھی خطاب کریں گے۔ ×

WB- PM RALLY

وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج ہر کوئی بھارت کو احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے، چاہے وہ امریکہ ہو، یوروپ ہو یا جاپان۔ مغربی بنگال کے متھراپور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ اس لئے ممکن ہوپایا ہے کیونکہ عوام نے مرکز میں بی جے پی کی قیادت والی NDA حکومت کو ووٹ دیا۔ اپنی حکومت کی حصولیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ مرکزی حکومت نے گذشتہ دس برس میں چار کروڑ غریب لوگوں کو پکے مکانات، 12 کروڑ سے زیادہ گھروں کو پانی کے نل کے کنکشن اور تقریباً ہر گاؤں تک بجلی فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھارت دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت ہے اور ملک تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بننے کی جانب پیش قدمی کررہا ہے۔ انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ آئندہ پانچ برس ایک سنہرے بھارت کی تعمیر میں فیصلہ کن رول ادا کریں گے۔ لوک سبھا انتخابات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے 2024 کے لوک سبھا چناؤ کو منفرد اور تاریخی قرار دیا۔ انھوں نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے لوگوں کو لاکھوں غریب عوام کو درپیش مشکلات، بنیادی سہولیات کے فقدان اور اقربا پروری کی سیاست کے تسلط کی یاد دہانی کرائی، جس کے سبب نوجوانوں کی امنگیں متاثر ہوئی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ چناؤ لوگوں نے خود آگے بڑھ کر لڑا ہے، کیونکہ انھوں نے دس سال میں ترقی کا سفر دیکھا ہے۔x

EC- VOTERS

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں خواتین ووٹروں کی تعداد مردوں کے مقابلے تین فیصد زیادہ رہی۔ الیکشن کمیشن نے کل اس بات کا انکشاف کیا۔ انتخابی عملے نے ہفتہ کے روز ہوئے لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں ڈالے گئے ووٹوں کی مکمل تعداد جاری کردی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 64 اعشاریہ نو پانچ فیصد خواتین نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا، جبکہ مردوں کی تعداد 61 اعشاریہ نو پانچ فیصد رہی۔ مخنث کے درمیان ووٹنگ فیصد 18 اعشاریہ چھ سات ریکارڈ کیا گیا۔ بہار، جھارکھنڈ، لداخ، اوڈیشہ اور اترپردیش میں خواتین ووٹروں کی شمولیت مردوں سے زیادہ رہی۔ قابلِ ذکر ہے کہ مغربی بنگال میں سب سے زیادہ 81 اعشاریہ چھ دو فیصد ووٹنگ درج کی گئی، جس سے وہاں کے ووٹروں کے جوش و جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔

دوسری جانب بہار میں 51 اشاریہ نو پانچ فیصد ووٹنگ ہوئی، جو دوسرے علاقوں کے مقابلے سب سے کم ہے۔ 25 مئی کو چھٹے مرحلے کے تحت 8 ریاستوں کی 58 سیٹوں کیلئے ووٹنگ ہوئی تھی۔x

SC - KEJRIVAL

سپریم کورٹ نے آج دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی عبوری ضمانت میں کچھ طبی جانچ کرانے کی خاطر سات دن کی توسیع کئے جانے کی درخواست کو فوری سماعت کی فہرست میں شامل کئے جانے سے انکار کردیا ہے۔ جناب کجریوال کی درخواست کو نامنظور کرتے ہوئے عدالت عالیہ نے کہا کہ انھیں ضمانت کیلئے سماعت کررہی عدالت سے رجوع کرنے کی آزادی دی گئی، لہٰذا اُن کی درخواست قابل قبول نہیں ہے۔ دلی کے وزیراعلیٰ کو اس ماہ کی دس تاریخ کو جسٹس سنجیو کھنہ اور دیپانکر دتہ نے عبوری ضمانت دی تھی اور ان سے دو جون کو تہاڑ جیل واپس جانے کے لئے کہا گیا تھا۔ بینچ نے17 مئی کو دلی شراب پالیسی سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں ED کی جانب سے جناب کجریوال کو گرفتار کئے جانے کے جواز کو چیلنج سے متعلق اپنا فیصلہ محفوظ رکھا تھا۔

درخواست کو قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے کہا کہ چونکہ گرفتاری کو چیلنج کرنے سے متعلق فیصلہ پہلے ہی محفوظ ہے، لہٰذا عبوری ضمانت میں توسیع کے لئے جناب کجریوال کی درخواست کا اصل عرضداشت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔x

CHATTISGARH ENCOUNTER

چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں سیکوریٹی فورسیز کے ساتھ ایک جھڑپ میں ایک خاتون باغی سمیت دو ماؤ نواز ہلاک ہوگئے ہیں۔ آج صبح Madded علاقے میں Baddepara کے

جنگلوں میں یہ جھڑپ ہوئی ہے۔ تصادم میں ہلاک نکسل خاتوں پر آٹھ لاکھ روپے کا انعام تھا۔ پولیس نے موقع واردات پر سے ہلاک ماؤ نوازوں کی لاش کے ساتھ اسلحہ بھی برآمد کیا ہے۔x

IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ شمال مغربی اور وسطی بھارت میں شدید سے بہت شدید گرمی میں کل سے رفتہ رفتہ کمی آنے کا امکان ہے۔

جموں، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، بہار اور اڈیشہ میں بھی کل تک اسی طرح کی صورتحال کا امکان ہے۔ شمال مغربی اور وسطی بھارت میں آج زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی ہونے کی پیشگوئی نہیں ہے۔ اِن خطوں میں اگلے کچھ روز کے دوران درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی ہوسکتی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کیرالہ میں جنوب مغربی مانسون کے شروع ہونے اور آئندہ دو سے تین دنوں کے دوران اس کے شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ حصوں کی جانب بڑھنے کیلئے صورتحال سازگار ہونے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

شمال مشرقی آسام اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں سمندری طوفان Remal کے کمزور ہوکر ہوا کے کم دباؤ کے حلقے میں تبدیل ہونے کے سبب آسام، میگھالیہ، اروناچل پردیش، ناگالینڈ، میزورم، منی پور اور تریپورہ میں کل شدید بارش ہوئی جبکہ ان کے آس پاس کے علاقوں میں اوسط درجے کی بارش درج کی گئی۔ x

CABINET SECY

IASپردیپ کمار ترپاٹھی کو اگلے مہینے کی 30 تاریخ تک لوک پال کا سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ کابینہ کی تقرر سے متعلق کمیٹی نے IAS راکیش رنجن کی اسٹاف سلیکشن کمیشن SSC کے چیئرمین کی حیثیت سے تقرری کو بھی منظوری دے دی ہے۔ 1991 بیچ کے IAS امت یادو، سماجی انصاف اور تفویض اختیارات سے متعلق محکمے کے OSD مقرر کئے گئے ہیں۔ کمیٹی نے 1992 بیچ کے IAS راجندر کمار کی سرحدوں کے بندوبست سے متعلق محکمے کے سکریٹری کے طور پر بھی تقرری کی منظوری دے دی ہے۔x

SBI-GDP GROWTH

بھارتی اسٹیٹ بینک SBI نے کَل ایک رپورٹ جاری کی ہے، جس میں مالی سال 2023-24 کی چوتھی سہ ماہی میں بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی سات اعشاریہ 4 فیصد شرح ترقی کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ساتھ ہی مجموعی شرح ترقی 8 فیصد تک پہنچنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ یہ رپورٹ SBI کے اقتصادی تحقیق کے محکمے نے جاری کی ہے، جس میں بھارت کی شرحِ ترقی پر عالمی اقتصادی اُتار چڑھاؤ کے خاطر خواہ امکانی اثرات کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بھارت میں شہری اور دیہی دونوں شعبوں میں لگاتار شرحِ ترقی کا رجحان ظاہر کیا گیا ہے۔

شہری اقتصادی ترقی کی وجہ، مسافر گاڑیوں کی فروخت، ہوائی اڈے کے مسافروں کے ٹریفک، GSTوصولی، کریڈٹ کارڈ کے ذریعے لین دین، پٹرولیم کی کھپت اور ٹول وصولی کی مضبوط کارکردگی رہی ہے۔ دوسری طرف دیہی اقتصادی ترقی ایک مثبت رجحان کے سبب ہوئی ہے، جس میں ڈیزل کی کھپت اور دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت کا اہم رول ہے۔ x

PAKISTAN - NAWAZ SHARIF

پاکستان کے سابق وزیر اعظم نواز شریف نے اعتراف کیا ہے کہ پاکستان نے، 1999 میں، بھارت کے ساتھ کئے گئے ایک سمجھوتے کی خلاف ورزی کی ہے۔ انھوں نے یہ انکشاف، پاکستان مسلم لیگ PML(N) کی جنرل کونسل کی ایک میٹنگ میں کیا۔ میٹنگ میں نواز شریف نے کہا کہ بھارت کے اُس وقت کے وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی نے لاہور کا دورہ کیا تھا اور 21 فروری 1999 کو، لاہور اعلامیے پر دستخط کئے تھے۔ نواز شریف نے کہا کہ اِس معاہدے کا مقصد، بھارت اور پاکستان کے درمیان امن و استحکام کو فروغ دینا تھا، لیکن دستخط کئے جانے کے کچھ ہی دن بعد، پاکستانی فوجیوں نے، جموں و کشمیر کے کرگل ضلعے میں دراندازی کردی تھی، جس کی وجہ سے کرگِل جنگ ہوئی۔ جنرل کونسل کی میٹنگ میں نواز شریف کو، برسرِ اقتدار PML(N)کا، بلا مقابلہ دوبارہ صدر منتخب کرلیا گیا۔×

NIA - TRAFFICKING

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے، بنگلہ دیشی باشندوں اور روہنگیا افراد کو، ملک کی شمال مشرقی سرحدوں کے راستے، لائے جانے کے سلسلے میں ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ ایجنسی کے مطابق اِس شخص کا نام جلیل میاں ہے اور یہ تریپورہ کا رہنے والا ہے۔

اِس سے پہلے اِس کیس میں 33 افراد کو گرفتار کیا گیا تھا۔ یہ کیس NIA نے، آسام خصوصی ٹاسک فورس STF سے اپنے ہاتھوں میں لیا ہے۔

تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ جلیل، غیر قانونی طریقے سے انسانوں کو لانے لے جانے کے ریکٹ میں اصل سازش تیار کرنے والا شخص ہے اور وہ ایک ملزم Jiban Rudra Pal کا قریبی ساتھی ہے۔

NIAنے پچھلے سال نومبر میں پورے بھارت میں تلاشی کی کارروائی کی تھی، جس کے بعد، بہت سے مجرمانہ نوعیت کے اعداد و شمار کا پتہ چلا تھا، جس میں ڈیجیٹل آلات اور غیر ملکی کرنسی شامل تھی۔

NIAکی تحقیقات کے مطابق بڑی تعداد میں بنگلہ دیشی باشندوں اور روہنگیا افراد کو ہر مہینے بھارت میں ناجائز طور پر لایا جارہا ہے۔×

FRENCH OPEN

سربیا کے مایاناز ٹینس کھلاڑی Novak Djokovic کل رات پیرس میں سیدھے سیٹ میں جیت حاصل کرکے فرینچ اوپن کے دوسرے دور میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے افتتاحی مقابلے میں Pierre Hugues Herbertپر شاندار جیت حاصل کرکے اپنی مہم کا آغاز کیا۔ 37 سال کے Djokovicکا اب دوسرے دور میں اسپین کے Roberto Carballes Baena سے مقابلہ ہوگا۔x

*****